آپ کی صحت، آپ کی حفاظت

کارکنوں کے لئے ایک مختصر راہنما کتابچہ

Urdu



This is an **Urdu** version of leaflet INDG450, published 10/12

ابتدایہ

یہ معلومات ٹریڈ یونین کانگرس (ٹی یو سی) کے تعاون سے ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو (ایچ ایس ای) کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ صحت و حفاظت کے قوانین کا اطلاق اور مشاورت اور اعانت مہیا کرتے ہوئے ایچ ایس سی کارکنوں کی صحت، حفاظت اور بہبود کے لئے کام کرتا ہے۔ ٹی یو سی 55 ٹریڈ یونینوں کی نمائندگی کرتی ہے اور اِس کے اراکین کی تعداد چھ ملین سے زائد ہے۔ یہ کام کی جگہ پر انصاف اور اعلیٰ معیار کے لئے مہم چلاتی ہے۔

اگر آپ ایک ملازم ہیں کُل وقتی یا جُز وقتی، عارضی یا مستقل تو یہ معلومات وضاحت کرتی ہے کہ آپ کے حقوق کیا ہیں، آپ کو اپنے آجر سے کیا توقع رکھنی چاہیے، آپ کی کیا ذمہ داریاں ہیں اور مدد کے لئے کہاں جانا ہے۔

اِس کا اطلاق آپ پر ہوتا ہے چاہے آپ ایک نوجوان ہوں اور تجربے کے لئے کام کررہے ہوں، ایک نو آموز ہوں، گشتی کارکن یا گھریلو کارکن ہوں یا غیر ملکی کارکن ہوں (چاہے آپ یوکے میں اجازت کے بغیر کام کررہے ہوں)

اگر آپ عارضی کارکن، کبھی کبار کام کرنے والے یا ایجنسی کارکن ہیں تو اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کی صحت و حفاظت کا مناسب بندوبست کیا جارہا ہے، آپ کی ایجنسی، گینگ ماسٹر یا ٹھیکدار کو اُس کاروبارے ادارے سے تعاون کرنا چاہیے اور بات چیت کرنی چاہیے جو آپ کی خدمات کو استعمال (کام پر رکھنے والا) کررہا ہے

اگر آپ رضاکار ہیں اور آپ کو اپنی صحت و حفاظت کے بارے میں مزید معلومات درکار ہیں تو www.hse.gov.uk/voluntary/index.htm پر جائیں۔

آپ کی صحت و حفاظت

آپ کو حق حاصل ہے:

- ایسی جگہوں پر کام کرنے کا جہاں پر آپ کی صحت و حفاظت کو درپیش تمام خطرات پر مناسب طریقے سے قابو پایا جاتا ہو؛
- کام بند کرنے اور جگہ چھوڑنے کا اگر آپ سمجھتے ہیں آپ خطرے میں ہیں؛
- اپنے آجر کا صحت و حفاظت کے مسائل یا خدشات کے بارے میں آگاہ کرنے کا؛
- اگر آپ کو ابھی بھی صحت و حفاظت کے بارے میں خدشات لاحق ہیں تو مسائل میں مُبتلا ہوئے بغیر ایچ ایس سی یا اپنی مقامی اتھارٹی سے رابطہ کرنے کا؛
- ٹریڈ یونین میں شمولیت اختیار کرنے اور حفاظتی نمائندہ بننے کا؛
- اگر آپ حفاظتی نمائندہ ہیں تو تربیت کے لئے چھٹی مع تنخواہ کا؛

- سالان چھٹی مع تنخواہ اور کم از کم 20 منٹ کے وقفے کا اگر آپ مسلسل چھ گھنٹے کام کرتے ہیں؛
- مناسب اور کافی بیت الخلا، صفائی اور دُھلائی کی سہولیات اور پینے کے پانی کا؛
- مناسب ابتدائی طبّی امداد کی سہولیات کا۔

آپ کو:

- اپنی اور دوسرے لوگوں جن پر اِس بات کا اثر پڑے کہ آپ کیا کرتے ہیں (یا نہیں کرتے) کی صحت و حفاظت کا خیال رکھنا چاہیے؛
- صحت و حفاظت کے معاملے میں دوسروں کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے اور آپ کی صحت و حفاظت یا بہبود کے لئے مہیا کی جانے والی کسی شے کے ساتھ چھیڑ چھاڑ یا اس کاغلط استعمال نہیں کرنا چاہیے؛
- اپنے آجر کی جانب سے کام کے لئے دی جانے والی اشیاء کو استعمال کرتے وقت حاصل کردہ تربیت کو بروئے کار لانا چاہیے۔

آجروں کی ذمہ داریاں

آپ کے آجر کو:

- ایسے طریقے سے یہ بات آپ کو سمجھانا چاہیے کہ آپ کو سمجھ آجائے کہ آپ کو کیسے اپنا کام محفوظ طریقے سے کریں اور موجودہ یا موجوزہ کام کے طریقۂ کار سے آپ کی صحت و حفاظت کو درپیش خطرات کے بارے میں آپ کو بتانا چاہیے؛
- آپ کو بتانا چاہیے کہ کسی قسم کے درپیش خطرے پر کیسے قابو پایا جائے گا اور اِس کے لئے کون ذمہ دار ہوگا؛
- کام کی جگہ پر ہر کسی کو نقصان سے بچانے کے لئے ملازمین اور صحت و حفاظت کے نمائندہ گان کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے اور اُن سے مشاورت کرنی چاہیے؛
- آپ کو بتانا چاہیے کہ ابتدائی طبّی امداد کیسے حاصل کرنی ہے اور ہنگامی حالات میں کیا کرنا ہے۔

آپ کے آجر کو بلا معاوضہ مہیا کرنا چاہیے:

- آپ کو اپنا کام محفوظ طریقے سے کرنے کے لئے تربیت؛
- آپ کے لئے کام کی جگہ پر کسی قسم کے ضروری آلات و اوزار اور حفاظتی اشیاء جیسا کہ کپڑے، جوتے یا بوٹ، کان اور آنکھوں کی حفاظت کا سامان، دستانے، ماسک وغیرہ اور اِس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ اِن کی مناسب دیکھ بھال ہو رہی ہے۔
- اگر کام کی وجہ سے صحت کی خرابی کا احتمال ہو تو جائزہِ صحت کے اقدامات؛
- اگر آپ رات کو کام کرتے ہیں تو صحت کے لئے باقاعدہ معائنے اور کام شروع کرنے سے قبل آپ کا جائزہ۔

نوٹ : اگر آپ واقعی سیلف ایمپلائڈ ہیں تو آپ اپنے لئے ابتدائی طبّی امداد کا بندوبست کرنے، تربیت، حفاظتی آلات اور صحت کے معائنوں اور اپنے کام کے اوقاتِ کار کے انتظام کے ذمہ دار ہیں۔

ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹیو نے طباعت و اشاعت کی

آپ کے آجر کو اپ کو مندرجہ ذیل معلومات مہیا کرنا چاہیے:

- ہیلتھ اینڈ سیفٹی پوسٹر www.hse.gov.uk/pubns/books/lawposter.htm جسے نمایاں جگہ پر نمائش کے لئے لازماً لگانا چاہیے یا متبادل طور پر وہ ہر کارکن کو اِس کا ایک جیبی کارڈ متبادل مہیا کرسکتے ہیں۔ اِس میں اُن لوگوں کی رابطہ تفاصیل ہونی چاہیے جو مدد کرسکتے ہوں؛
- اُ ن کی صحت و حفاظت کا پالیسی بیان؛
- تاریخ جاریہ تک ایملائرز لائبیلٹی (لازمی انشورنس) سرٹیفیکیٹ www.hse.gov.uk/pubns/hse40.pdf آپ کے کام کی جگہ پر نمایاں۔

اگر آپ اپنی صحت و حفاظت کے بارے میں خدشات میں مُبتلا ہیں تو کیا کریں

پر جائیں یا شکایت کے لئے www.hse.gov.uk/workers/index.htm مشورے کے لئے پر جائیں www.hse.gov.uk.

ملازمین کے حقوق کے لئے ٹریڈ یونینز کانگریس (ٹی یو سی) کی ورکسمارٹ ویب سائٹ پر جائیں یا متبادل طور پر آپ ہے اینڈ ورک رائٹ ہیلپ لائن www.worksmart.org.uk پر فون کرسکتے ہیں 0800 9172 3686

صحت و حفاظت کے بارے میں کئی ایک مختلف زبانوں میں معلومات کے لئے پر جائیں۔ www.hse.gov.uk/migrantworkers/index.htm

اگر صحت و حفاظت کے کسی معاملے کی وجہ سے آپ کی نوکری چلی گئی ہے تو آپ کسی ایملائمنٹ ٹربیونل کو شکایت کرسکتے ہیں۔ مشورے کے لئے ٹریڈ یونین یا سیٹیزنز ایڈوائس بیورو سے بات کریں۔

مزید معلومات

صحت و حفاظت یا اِس راہنمائی میں غلطیوں یا بے ربطیوں کے بارے میں اطلاع دینے کے پر جائیں۔ آپ آن لائنِ ایچ ای سی ہدایات ملاحظہ کرسکتے ہیں اور www.hse.gov.uk. لئے ویب سائٹ سے قیمتاً مطبوعات آرڈر کرسکتے ہیں۔ ایچ ای سی کی مطبوعات قیمتاً کتابوں کی دُکانوں سے بھی دستیاب ہیں۔

یہ ہدایت نامہ ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو نے شائع کیا چیونکہ یہ راہنمائی لازمی نہیں ہے تاآنکہ خصوصی طور پر بیان کیا جائے اور آپ دوسرے اقدامات کرنے کے لئے آزاد ہیں۔ اگر آپ اِس راہنمائی پر عمل کرتے ہیں تو عام طور پر قانون پر عمل پیرا ہونے کے لئے آپ مناسب کام کررہے ہوں گے۔ ہیلتھ اینڈ سیفٹی انسپکٹر قانون کی پابندی کروانا چاہتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ وہ اِس راہنمائی سے رجوع کریں۔

یہ کتابچہ www.hse.gov.uk/pubns/indg450U.htm پر تلاش کیا جاسکتا ہے۔

© کراؤن جملہ حقوق: اگر آپ اِس معلومات کو دوبارہ استعمال کرنا چاہتے ہیں تفصیلات پر جائیں۔ اشاعتِ اوّل 10/12 www.hse.gov.uk/copyright.htm کے لئے